## جمعیت علمائے اسلام سندھ کے وفد کی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔6، مارچ 2010ء

جمعیت علمائے اسلام سندھ کے ایک چودہ رکنی وفد نے ہفتے کو متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات کی ۔خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہونے والی اس ملاقات میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، رضا ہارون، وسیم آفتاب اور واسع جلیل کے علاوہ ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور دیگر ارکان موجود تھے۔مولانا اسد دیوبندی ،مولانا تنویر الحق ،عثمان یار خان اور قاری عبدلمنان بھی علماء کے وفد میں موجود تھے ۔علماء نے دوران ایم کیو ایم کے ارکان کے ساتھ تازہ ترین سیاسی صورتحال ،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور اتحاد بین المسلمین سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔علماء نے اعتراف کیا کہ متحدہ قومی موومنٹ اپنے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت میں جو شاندار سماجی ، سیاسی و مذہبی خدمات انجام دے رہی ہیں وہ قابل ستائش ہیں اس کی کوئی مثال کسی اور سیاسی و مذہبی جماعت میں نہیں ملتی ۔انہوں نے سٹی گورنمنٹ کی سابقہ حق پرست بلدیاتی قیادت کی جانب سے شہر کی تعمیر وترقی کے کاموں بھی سراہا اور مصطفیٰ کمال کی کاموں کی دل سے تعریف کی ۔علماء نے ارکان رابطہ کمیٹی کو بعض مسائل سے آگاہ کیا جس پر ایم کیو ایم کی ارکان رابطہ کمیٹی نے اس پر سنجیدگی سے غور کرنے اور ہر ممکن تعاون کرنے پر یقین دہانی کرائی ۔

## محکمہ آبپاشی سندھ نیشنل پروگرام واٹر امپرومنٹ کورسز کے ملازمین کی پرامن ریلی پر پولیس لاٹھی چارج اور آنسو گیس کی شیلنگ کا نوٹس لیا جائے ،اراکین سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔6، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست مشیران خواجہ اظہار الحسن اور غلام حیدر را ہو نے کراچی پریس کلب کے باہر محکمہ آبپاشی کے ملازمین سے ملاقات کی اور ان سے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی جانب سے مکمل ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ سندھ کے عوام کے دیرینہ مسائل اور جائز مطالبات کے حصول کیلئے ایم کیو ایم پوری طرح ان کے ساتھ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم امن پسند جماعت ہے جو جمہوریت پر مکمل یقین رکھتی ہے اور جمہوری روایات میں ہر شہری کو پورا حق حاصل ہے کہ وہ قانون کے دائرے میں رہ کر اپنے جائز مطالبات کے حصول کیلئے پرامن احتجاج ریکارڈ کر سکتا ہے۔اس موقع پر متاثرین نے حق پرست مشیران کو بتایا کہ وزیر اعظم پاکستان نے ہمیں یقین دہانی کرائی تھی تاہم ان کی یقین دہانی کے باوجود محکمہ آب پاشی سندھ کے ملازمین کو مستقل نہیں کیا جا رہا جس سے ملازمین میں شدید مایوسی اور بے چینی پائی جا رہی ہے۔متاثرین نے بتایا کہ ہم اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے پرامن ریلی کر وزیر اعلیٰ ہاؤس یاداشت پیش کرنے جا رہے تھے کہ پولسی نے ہم پر لاٹھی چارج اور آنسو گیس کی شیلنگ کی جس سے متعدد مظاہرین زخمی ہو گئے ۔خواجہ اظہار الحسن اور غلام حیدر را ہو نے ملازمین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا کہ ہم صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اس مسئلے کے حل اور خاتون رکن قومی اسمبلی ماروی میمن کے ساتھ پولیس کی بدسلوکی پر مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ معاملے کا سختی سے نوٹس لیں اور محکمہ آبپاشی نیشنل پروگرام فار واٹر امپرومنٹ سندھ کے ملازمین کو مستقل کریں۔اس موقع پر رکن قومی اسمبلی ماروی میمن نے ایم کیو ایم کے رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا اور ان کا خیر مقدم کیا۔

## سیاست میں طلبہ کا کردار ملک کی تعمیر وترقی کیلئے اہمیت کا حامل ہے،خواجہ اظہار الحسن
## ملک بھر کے باشعور طلبہ آواز حق کو بلند کرنے کیلئے اے پی ایم ایس او کے پرچم تلے جمع ہوں،منہاج الاابراہیم
## حق پرست صوبائی مشیر برائے وزیر اعلیٰ سندھ اور اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشر واشاعت سیکرٹری کا گورنمنٹ پریمیئر کالج میں تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔۔۔۔6 مارچ 2010ء

سیاست میں طلبہ کا کردار ملک کی تعمیر وترقی کیلئے اہمیت کا حامل ہے یہ بات حق پرست صوبائی مشیر برائے وزیر اعلیٰ سندھ خواجہ اظہار الحسن نے اے پی ایم ایس او سیکٹر بی کے تحت گورنمنٹ پریمیئر کالج میں منعقدہ تقریری مقابلہ بعنوان ''دوہرا طبقاتی تعلیمی نظام'' اور ''طلبہ میں سیاسی شعور وقت کی اہم ضرورت'' کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او سیکٹر بی کے سیکٹر آرگنائزر و اراکینِ سیکٹر کمیٹی و یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان سمیت اساتذہ کرام و طلبہ و طالبات بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ

اے پی ایم ایس او قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر طلبہ میں نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں کا انعقاد کرتی رہی ہے اس ہی سلسلے کی کڑی ہے کہ سندھ بھر کے تعلیمی اداروں میں طلبہ میں صحمندانہ سوچ وفکر کو اُجاگر کرنے کیلئے تقریری مقابلے کا انعقاد کررہی ہے۔انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ اے پی ایم ایس او قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں معیار تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لا رہی ہے جس کا سارا کریڈٹ قائد تحریک کو جاتا جنھوں نے جاگیرادانہ نظام کیخلاف آوازحق کو بلند کیا۔اس تقریری مقابلے میں مختلف کالجز پر مبنی اساتذہ کرام نے منصفین کے فرائض انجام دیئے اور مہمانان گرامی اور دیگر منصفین نے تقریری مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں اعزازی شیلڈ تقسیم کی۔انہوں نے مزید کہا کہ طلبہ کسی بھی معاشرے میں انقلابی کردار ادا کرتے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ اس قسم کے پروگرامز میں آپ طلبہ کو آگے بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے تا کہ طلبہ ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرسکیں۔اس موقع پر انہوں نے تقریری، مقابلے کے انعقاد پر سیکٹر کمیٹی و یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان کو مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔تقریری مقابلے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشر واشاعت سیکرٹری منہاج الا ابراہیم نے کہا کہ ملک بھر کے باشعور طلبہ آوازحق کو بلند کرنے کیلئے اے پی ایم ایس او کے پرچم تلے جمع ہوں تا کہ ملک بھر کے تعلیمی اداروں سے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کے خاتمے کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بدقسمتی سے جاگیردارانہ نظام نے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کو جنم دیا۔لہٰذا تمام طلبہ کو چاہئے کہ وہ اس فرسودہ نظام کے خلاف علم بغاوت بلند کریں۔اس موقع پر انہوں نے تقریری مقابلے کے انعقاد پر سیکٹر کمیٹی و یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان کو مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے تحت تمام ڈسٹرکٹس اور تحصیلوں کے دفاتر میں رکنیت سازی کا مہم کا آغاز

## ایم کیوایم لوئر پنجاب کے زون کے انچارج کرامت علی شیخ کا پریس کانفرنس سے خطاب

ملتان۔۔۔6،مارچ2010ء

ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے تحت تمام ڈسٹرکٹس اور تحصیلوں کے دفاتر میں رکنیت سازی کا مہم کا آغاز انشاءاللہ مورخہ 10 مارچ 2010 سے کیا جارہا ہے۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم لوئر پنجاب کے زون کے انچارج کرامت علی شیخ نے زونل دفتر میں منعقدہ ایک پرہجوم پریس کانفرنس میں کیا۔جن کے ہمراہ حق پرست پارلیمانی ممبر سیّد آصف حسنین (MNA)، رانا ارشاد ممبر صوبائی تنظیمی کمیٹی، اراکینِ زونل کمیٹی فرخندہ باجی، رانا افلاطون، شمشیر جمال ہاشمی، رانا عارف، نعیم ارشد شمس، عمر علی آغا اور شہزاد نواز گورچانی بھی موجود تھے۔پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کرامت علی شیخ نے کہا کہ جس طرح متحدہ قومی موومنٹ نے سندھ، کشمیر اور گلگت میں تاریخی کامیابیاں حاصل کیں اور میرٹ پر متوسط طبقہ کے لوگوں کو ملک کے اعلیٰ ترین ایوانوں میں بھیج کر یہ ثابت کیا کہ ایم کیوایم اپنے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی پر سختی سے کاربند ہے۔ہماری صفوں میں نہ کوئی ملک کی دولت لوٹنے والے شامل ہیں، نہ غاصب وڈیروں یا جاگیرداروں کا قبضہ ہے۔جہاں جہاں حق پرست قیادت موجود ہے پورے ملک میں ہونے والے ترقیاتی کاموں کا موازنہ حق پرستوں کی جانب سے کئے گئے ترقیاتی کاموں سے کیا جائے تو آپ خود یہ فیصلہ کرنے میں حق بجانب ہونگے کہ عوام کی اصل معنوں میں خدمت اور ملک کی ترقی کسے کہتے ہیں۔اس ضمن میں صرف کراچی کے ترقیاتی کاموں کو دیکھیں اور پورے ملک میں ہونے والے ترقیاتی کاموں کو دیکھیں تو آج ملک بھر کے 98% غریب اور متوسط طبقہ یہ کہنے میں حق بجانب ہوگا کہ پورے ملک میں حق پرستوں کا انقلاب ہی ملک کی تقدیر بدل سکتا ہے۔زونل انچارج کرامت علی شیخ نے پریس کانفرنس سے خطاب میں مزید کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اس ملک کی سب سے منظّم جماعت ہے متحدہ قومی موومنٹ نے پنجاب کو چار زونز میں تقسیم کرنے کے بعد متعدد ڈسٹرکٹس اور تقریباً 142 تحصیلوں میں تنظیم سازی کا عمل مکمل کرلیا ہے اور اب یونین کونسلز کی سطح پر متحدہ قومی موومنٹ کی تنظیم سازی کی مہم جاری ہے۔اور اب پنجاب میں گھر گھر رکنیت سازی اسی مہم کا تسلسل ہے۔ہمیں امید ہے کہ پنجاب بھر کے لاکھوں غریب و متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیوایم میں شامل ہونگے۔انہوں نے بتایا کہ ہزاروں افراد ہم سے از خود رابطہ کررہے ہیں وہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنا چاہتے ہیں اس سلسلے میں زونل دفاتر، ڈسٹرکٹس اور تحصیلوں کے دفاتر میں رکنیت سازی مہم کا آغاز انشاءاللہ مورخہ 10 مارچ 2010ء سے کیا جارہا ہے۔حق پرست عوام سے التماس ہے کہ ایم کیوایم کے دفاتر سے رکنیت سازی مہم کے لئے رابطہ کیا جائے۔انشاءاللہ بہت جلد یہی انقلاب پورے ملک کا مقدر ہوگا اور ہم اس انقلاب کا آغاز اس رکنیت سازی مہم سے کررہے ہیں۔

## سن اکیڈمی کے افتتاح کے موقع پر گزشتہ روز شائع ہونے والی خبر میں غلطی سے سیلف فنانس کا لفظ شائع ہوگیا تھا
## سن اکیڈمی خالصتاً فلاحی اسکول ہے جو بین الاقوامی فلاحی ادارے سن کے زیر اہتمام چلایا جارہا ہے
## سن اکیڈمی اسکول میں تاجر، صنعت اور مخیرّ حضرات دل کھل حصہ لے سکتے ہیں، شعبہ اطلاعات

کراچی۔۔۔6، مارچ 2010ء
متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ اطلاعات کی جانب سے گزشتہ روز شائع ہونیوالے خبر جس میں فیڈرل بی ایریا بلاک 15 میں بین الاقوامی فلاحی ادارے سن ''The Society for Unwell Needy'' کے تعاون سے قائم ہونیوالے چیرٹی اسکول سن اکیڈمی کی خبر میں غلطی سے ''سیلف فنانس'' کا لفظ چلا گیا تھا جو اخبارات اور ٹی وی چینل میں شائع ہوگیا لہٰذا شائع شدہ خبر سیلف فنانس کی جگہ سن اکیڈمی چیرٹی اسکول پڑھا جائے۔شعبہ اطلاعات کے ترجمان نے واضح کیا کہ سن اکیڈمی چیرٹی اسکول ہے جو بین الاقوامی فلاحی ادارے تعاون کے ساتھ مختلف اداروں، تاجروں، صنعتکاروں اور مخیرّ حضرات کے تعاون چلایا جارہا ہے اور جس میں تاجر، صنعت کار اور مخیرّ حضرات دل کھل کر حصہ لے سکتے ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی لاہور زونل کمیٹی نے ڈسٹرکٹ ننکانہ صاحب کی تحصیلوں کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کردیا

ننکانہ صاحب۔۔۔6مارچ، 2010ء
متحدہ قومی موومنٹ کی لاہور زونل کمیٹی کے جوائنٹ انچارج مقصود احمد اعوان ایڈوکیٹ اور ممبران کمیٹی عبدالحمید اعوان نے تحصیل شاہ کوٹ، تحصیل ننکانہ صاحب، اور تحصیل سانگلہ ہل کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کردیا جس میں تحصیل شاہ کوٹ کے انچارج محمد مالک بھٹی، تحصیل ننکانہ صاحب کے انچارج وکیل احمد اور تحصیل سانگلہ ہل کے انچارج شہباز احمد شیخی ہے، اس موقع پر ملک مقصود احمد اعوان ایڈوکیٹ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ پر روشنی ڈالی اور ذمہ داران کو ان کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا اس موقع پر تمام ذمہ داران نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ پر چلتے ہوئے اور عمل درآمد کا یقین دلایا اور کہا جو ذمہ داری ہمیں دی گئی ہے ہم اس کو پورا کریں گے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے اعتماد پر پورا اترے گے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی، ایم این اے، لاہور زونل کمیٹی اور لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے اراکین کل پریس کانفرنس کریں گے

لاہور۔۔۔6مارچ 2010ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان، ڈاکٹر علی حسین چوہدری، ایم این اے فرحت خان، لاہور زونل کمیٹی اور لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے اراکین 7 مارچ بروز اتوار بوقت 4 بجے لاہور زون کے آفس واقع اولڈ مسلم ٹاون میں پریس کانفرنس کریں گے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی کے اراکین اور ایم این اے فرحت خان نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب و متوسط طبقہ کی جماعت ہے اور ملک بھر کے 98% غریب اور مظلوم لوگوں کا انقلاب اب نزدیک ہے اور انشاءاللہ بہت جلد یہ انقلاب پورے ملک کا مقدر ہوگا۔

## جناب الطاف حسین کے خالہ زاد بھائی نظام الدین مرحوم کا فاتحہ چہلم
## مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی

کراچی۔۔۔6مارچ 2010ء
متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے خالہ زاد بھائی نظام الدین مرحوم کا چہلم مرحوم کی رہائشگاہ پر منعقد ہوا جس میں مرحوم کے کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔قرآنی خوانی وفاتحہ خوانی میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ سائرہ بانو، ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی رکن کیف الوریٰ، حق پرست صوبائی وزراء، رؤف صدیقی، عبدالحسیب، خالد بن ولایت، شیخ محمد افضل، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی انور عالم، معروف ڈرامہ نگار وادیبہ فاطمہ ثریا بجیا، ایم کیو ایم کی شعبہ خواتین کے ذمہ داران، شعبہ جات، سیکٹرز، یونٹوں، ہمدروں اور عزیزاقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆